

# رقم

ہم روزمرہ زندگی میں رقم استعمال کرتے ہیں۔
ہم چیزیں خریدتے وقت سکے اور نوٹ استعمال کرتے ہیں۔

یہاں چند سکے اور نوٹ دیے گئے ہیں جو ہم استعمال کرتے ہیں۔



1روپیہ　　2روپے　　5روپے



100روپے　　50روپے　　20روپے　　10روپے

ثناء کے پاس 10 روپے کا نوٹ اور 5 روپے کا سکہ ہے۔اس کے پاس کُل کتنی رقم ہے؟

 + 

10　　5

ثناء کے پاس کل 15 روپے ہیں۔

ہر ڈبے میں رقم گنیں اور کل رقم لکھیں۔



روپے ________________



روپے ________________



روپے ________________



روپے ________________



روپے ________________



روپے ________________



روپے ________________



علی اور زارا اپنے والد کے ساتھ دکان پر ہیں۔

ہر ایک نے کچھ چیزیں خریدیں۔

جو چیزیں خریدیں ان کی قیمتیں دی گئی ہیں۔



50 روپے 100 روپے 30 روپے 70 روپے

کیا آپ کل قیمت معلوم کرنے کے لیے اُن کی مدد کر سکتے ہیں؟

زارا ایک بیگ اور ایک ٹوپی خریدتی ہے۔ اُن کی کل قیمت کیا ہے؟

علی ایک فٹ بال اور ایک ٹوپی خریدتا ہے۔ اُن کی کل قیمت کیا ہے؟

اُن کا والد ایک کتاب اور ایک بیگ خریدتا ہے۔ اُن کی کل قیمت کیا ہے؟



علی اور زارا کچھ سیب خریدنے کے لیے رکتے ہیں۔

سیب کی قیمت 70 روپے ہے۔

ان کا والد پھل فروش کو 100 روپے کا نوٹ دیتا ہے۔

پھل فروش کتنی رقم واپس کرتا ہے؟

ہم یہ جاننا چاہتے ہیں،
کہ کتنی رقم باقی بچی؟
اس لئے ہم تفریق کریں گے۔


$$\begin{array}{rrr} & {}^{0}\not{1} & {}^{1}0 \quad 0 \\ - & & 7 \quad 0 \\ \hline & & 3 \quad 0 \\ \hline \end{array}$$


علی اور زارا کے والد کو اس نے 30 روپے واپس کیے۔


جب ہم چیز کی قیمت سے زیادہ رقم دیتے ہیں تو ہم باقی رقم واپس حاصل کرتے ہیں۔

اب ہم کہہ سکتے ہیں کہ اُس نے علی کے والد کو 30 روپے واپس کیے۔

ان چیزوں کو دیکھیں۔


کتاب 35 روپے


پیمانہ 20 روپے


ربڑ 4 روپے


شارپنر 15 روپے


پنسل 5 روپے

1. علی ایک پنسل خریدتا ہے۔ وہ دکان دار کو 20 روپے کا نوٹ دیتا ہے۔
اُس کو کتنی ریزگاری واپس ملتی ہے؟

2. ثناء ایک پیمانہ خریدتی ہے، وہ دکان دار کو 50 روپے کا نوٹ دیتی ہے۔
اُس کو کتنی ریزگاری واپس ملتی ہے؟

3. زبیر ایک کاپی خریدتا ہے۔ وہ دکان دار کو 100 روپے کا نوٹ دیتا ہے۔
اُس کو کتنی ریزگاری واپس ملتی ہے؟

4. زین ایک شارپنر خریدتا ہے۔ وہ دکان دار کو 20 روپے کا نوٹ دیتا ہے۔
اُس کو کتنی ریزگاری واپس ملتی ہے؟